سوال

بحالت جنابت نماز پڑھ لینا

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

میں بحالت جنابت تھا کہ میں نے فجر ظہر عصر مغرب اور عشاء کی نمازیں پڑھ لیں اور یہ بات بھول گیا کہ میں جنبی ہوں اور یہ بات مجھے اگلے دن یاد آئی۔ تو کیا میں ان نمازوں کو دوبارہ پڑھوں یا بھول چوک کی وجہ سے میری یہ نمازیں صحیح ہوں گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان نمازوں کو دوبارہ پڑھنا لازم ہے۔ کیونکہ جو شخص حدث اصغر یا اکبر کی حالت میں نماز پڑھ لے تو اس کی نماز باطل ہے۔ خواہ اس نے بھول کر پڑھا ہو کیونکہ اس نے نماز کے بارے میں اہتمام نہیں کیا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب غسل کئے بغیر حالت احتلام میں نماز پڑھ لی تھی تو انہوں نے اس نماز کو دوبارہ پڑھا تھا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص392

محدث فتویٰ